## سوال

فرض نماز کے بعد تکبیرات پڑھنے کی ابتدا کب ہوتی ہے؟

## جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

ذوالحجہ کے مہینے میں جو تکبیرات کہی جاتی ہیں ان کی دو قسمیں ہیں :

1. مطلق تکبیرات : یعنی جن کے لیے کوئی خاص وقت مقرر نہیں ہے، بلکہ ہر وقت، صبح، شام، نمازوں سے پہلے اور بعد میں کسی بھی لمحے کہی جا سکتی ہیں۔ ان کا وقت ذوالحجہ کی ابتداء ہی سے شروع ہوجاتا ہے اور 13 ذوالحجہ کے دن سورج غروب ہونے تک جاری رہتا ہے۔

2. مقید تکبیرات : یعنی وہ تکبیرات جو صرف نمازوں کے بعد کہی جاتی ہیں۔ ان کا وقت عرفہ کے دن (9 ذوالحجہ) فجر سے شروع ہوکر 13 ذوالحجہ کی عصر تک رہتا ہے۔

جب امام فرض نماز سے سلام پھیر کر تین بار : "استغفر اللہ" کہنے کے بعد : "اللّٰهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ" کہہ لے تو تکبیرات کہے گا۔

مذکورہ بالا مقید تکبیرات کی تفصیل ان لوگوں کے لیے ہے جو حج نہیں کر رہے ہیں، حجاج کرام مقید تکبیرات یومِ نحر (10 ذوالحجہ) کی ظہر سے شروع کریں گے۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث